# Bolan Castings Limited

**Main RCD Highway, Hub Chowki, District Lasbela, Balochistan**

**Tel: 0092-853-364036 Fax: 0092-853-363292 Email: bclhub@bclpk.com Web: www.bolancastings.com**

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that 38th Annual General Meeting of Bolan Castings Limited will be held at Registered Office of the Company Main RCD Highway, Hub Chowki, District Lasbela, Balochistan, Pakistan, through video link, on Wednesday, October 28, 2020 at 1200 hours to transact the following businesses:

**A. ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of 37th Annual General Meeting held on October 23, 2019.
2. To receive, consider and adopt the audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2020 together with the Chairman's review, Directors' report and Auditors' report thereon.
3. To appoint auditors for the year ending June 30, 2021 and to fix their remuneration.
4. To elect seven Directors as fixed by the Board of Directors for a term of three years. The retiring Directors are Mr. Sikandar Mustafa Khan, Mr. Latif Khalid Hashmi, Mr. Sohail Bashir Rana, Mr. Laeeq Uddin Ansari, S. M. Irfan Aqueel, Syed Javaid Ashraf and Mr. Aamir Amin.

   As resolved by the Board in its meeting held on September 15, 2020 the number of Directors to be elected shall be seven out of which one male independent and one female independent directors are proposed to be elected.

**B. SPECIAL BUSINESS**

5. To ratify and approve the transactions carried out in the normal course of business with Group companies for the year ended June 30, 2020 by passing the following resolution as a special resolution:

   RESOLVED that the transactions carried out in normal course of business with Group companies as disclosed in note 34 to the financial statements for the year ended June 30, 2020 be and are hereby ratified and approved.

6. To authorize Chief Executive of the Company to approve transactions carried out and to be carried out in normal course of business with Group companies during the year ending June 30, 2021 by passing the following resolution, with or without modification, as a special resolution:

   RESOLVED that the Chief Executive of the Company be and is hereby authorized to approve all the transactions carried out and to be carried out in normal course of business with Group companies during the year ending June 30, 2021.

   FURTHER RESOLVED that the Chief Executive of the Company be and is hereby authorized to take any and all actions and sign any and all such documents as may be required in this regard.

7. To consider, and if thought fit, pass following resolutions, with or without modification as a special resolution for amendments in the Articles of Association of the Company:

   RESOLVED that the Articles of Association of the Company be and is hereby amended in following manner:

   **i) Substitution of following new Article for the existing Article 9.09:**
   "The qualification of an elected as well as appointed Director shall be the holding of shares in the Capital of the Company of not less than the face value of Rs.25,000/-, prior to the filing of intention to contest the election of directors or prior to the holding of the office as the circumstances warrant, provided that qualification of an elected independent director, as defined in Companies Act, 2017, shall be holding at least one share in the Capital of the Company of the face value of Rs.10/-. However, in case of a Director representing a member which is not a natural person or representing a creditor or other special interests by virtue of contractual arrangements, the requirement of qualification shares shall not apply in line with the provisions contained in section 153(i) of the Companies Act, 2017."

   **ii) Deletion of Article 9.10.**

   FURTHER RESOLVED that Chief Executive and / or Company Secretary of the Company be and is / are hereby authorized to fulfill all legal, corporate and procedural formalities and file all necessary documents as may be necessary or incidental for the purpose of implementing the aforesaid resolution.

**C. OTHER BUSINESS**

8. To transact any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board of Directors
**Arafat Mushir**
Company Secretary

Hub
October 06, 2020

**Notes:**

1. The Share Transfer Books of the Company shall remain closed from October 15, 2020 to October 28, 2020 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 by close of working hours on October 14, 2020 shall be treated in time to attend and vote at the meeting.
2. A member entitled to attend and vote at the meeting may appoint another member as his / her proxy to attend the meeting and vote on his / her behalf. Vote may be given either personally or by proxy or in case of a company / corporation by a representative duly authorized in pursuance of requirements of Section 138 of the Companies Act, 2017.
3. Duly executed proxies in order to be effective must be received at the Registered Office of the Company at least 48 hours before the meeting, computed in the manner provided in sub section (6) of Section 137 of the Companies Act, 2017.
4. Members are requested to promptly notify any change in their addresses to our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, if shares are held in physical form and to the respective Participant/Invester Account Services, if shares are held in book entry form.
5. Any person who seeks to contest election to the office of Director shall, whether he is retiring Director or otherwise, file with the Company, not later than fourteen days before the date of meeting a notice of his intention to offer himself for election as a director alongwith the following:

   i.) Form 28 – Consent to act as director prescribed under section 167 of Companies Act, 2017.

   ii.) A detailed profile as required under SECP's SRO No.1196(I)/2019 dated October 03, 2019, for the purpose of, interalia, placement on the website of the company before the election.

   iii.) Declaration confirming that:

   a) He / she is a member of the Company. (Number of shares held alongwith the Folio number or CDC participant id / account number, be mentioned).
   b) He / she is not ineligible to become a Director of the Company under any applicable laws and regulations.
   c) He / she is not serving as a director in more than seven (7) listed companies including Bolan Castings Limited excluding the directorships in the listed subsidiaries of a listed holding company.
   d) His / her name is borne on the register of national tax payers. (National Tax Number (NTN) be mentioned).
   e) He / she has not defaulted in payment of any loan to a banking company, a Development Financial Institution or Non Banking Financial Institution or being a member of a Stock Exchange has not been declared as a defaulter by that stock exchange.
   f) He / she or his / her spouse is not engaged in the business of Stock brokerage and he / she is not a sponsor, director or officer of any corporate brokerage house.

   iv.) In case of Independent Director, an additional declaration confirming that he / she qualifies the criteria of independence as contained in Section 166 of the Companies Act.

6. CDC Account Holders will further have to follow the under mentioned guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

   **A. For attending the meeting:**

   i) In case of individual, the account holder or sub-account holder shall authenticate his identity by showing his original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.

   ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall have to be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

   **B. For appointing proxies:**

   i) In case of individual, the account holder or sub account holder shall submit the proxy form as per the above requirement.

   ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

   iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owner and the proxy shall be furnished with the proxy form.

   iv) The proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of the meeting.

   v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall have to be submitted along with proxy form to the Company

   In pursuance of the arrangement of the meeting through video link and the attendances accordingly, the above requirements and corporate fulfillments shall apply mutatis mutandis.

7. **Participation in the Annual General Meeting**
   In view of the outbreak of Covid-19 pandemic, the SECP, through its another Circular No. 25 of 2020 dated August 31, 2020 together read with earlier Circular No. 05 of 2020 dated March 17, 2020, has advised to listed companies to avoid large gathering at one place and consider the provision of video link facility. Accordingly, in the best health interest of our valued shareholders and to ensure maximum participation, the Company has arranged to convene this AGM through video link facility.

   To attend the AGM through video link, members are requested to register their following particulars by sending an e-mail at cdcsr@cdcsrsl.com.

| Folio / CDC Account No. | Company Name | No. of shares held | Name | CNIC | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | Bolan Castings Limited | | | | | |

   The video link and login credentials will be shared with the shareholders whose e-mails, containing all the requested particulars, are received at the above e-mail address by or before the close of business hours (5:00 p.m.) on October 22, 2020. The shareholders are also encouraged to send their comments / suggestions, related to the agenda items of the AGM on the above mentioned e-mail address by the close of business hours (5:00 p.m.) October 22, 2020.

8. **Mandatory submission of CNIC**
   As per clause 6 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017 read with Section 242 of the Companies Act, 2017, the company has withheld and in future will also withhold cash dividend payment to shareholders who have not yet provided the copy of their valid CNIC. In case your cash dividend is withheld due to aforesaid reason, you are requested to kindly provide legible copy of your valid CNIC to Company's Share Registrar if you hold shares in physical form or to the respective Participant/Investor Account Services if shares are held in book entry form.

9. **Payment of Cash Dividend Electronically**
   As per provision of Section 242 of Companies Act, 2017 any dividend payable in cash shall only be paid through electronic mode directly in to the bank account designated by the entitled shareholders. In view of foregoing the shareholders are requested to provide the details containing (i) Title of Bank account, (ii) Bank Account Number, (iii) IBAN (iv) Bank Name, (v) Branch Name, Code & Address, (vi) Cell Number, and (vii) Landline Number, if any, to Company's Share Registrar if shares are held in physical form or to the respective Participant/Investor Account Services if shares are held in book entry form. Failure to provide the aforesaid requirements will result in withholding of the payment of dividend in the future to the respective member.

10. **Transmission of Annual Financial Statements through CD/DVD/USB**
    SECP through its SRO 470(I)/2016 dated May 31, 2016 have allowed companies to circulate the annual statement of financial position, profit or loss account, auditors' report and directors' report etc to its members through CD/DVD/USB at their registered addresses and the same has subsequently been approved by the Company's shareholders in the AGM. In view of the above the Company has sent its Annual Report-2020 containing the Financial Statements and the related reports to the shareholders in the form of CD. Any shareholder can send request for printed copy of the Annual Report-2020 to the Company.

    Further, the annual financial statements of the Company for the year ended June 30, 2020 along with related reports have been placed at the website of the Company www.bolancastings.com .

11. **Transmission of Annual Financial Statements through email**
    The Securities and Exchange Commission of Pakistan vide its SRO 787(1)/2014 dated September 08, 2014 has permitted companies to circulate annual statement of financial position, profit or loss account, auditors' report and directors' report along with notice of annual general meeting to its members through e-mail. Members who wish to avail this facility can give their consent on the Standard Request Form available on Company's website.

12. **Video Conference Facility**
    Without prejudice to the requirements and therefore the arrangements as described in "Note 7" above, keeping in view of the requirements of Section 132 of the Companies Act, 2017 together read with SECP Circular 10 of 2014, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 7 days prior to date of meeting, the Company will arrange a video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city.

    The Company will intimate members regarding the video conference facility venue at least 5 days before the date of the AGM along with the complete information needed to access the facility. `

    If you would like to avail video conferencing facility, as per above, please fill the following and submit to registered office of the Company atleast seven (7) days before AGM.

    I / We, __________________ of ________________ being a member of Bolan Castings Limited, holder of __________ Ordinary Share(s) as per Register Folio No / CDC Account No. ______________ hereby opt for video conference facility at _________________.

    Registered Office Address of the Company:
    Bolan Castings Limited
    Main RCD Highway, Hub Chowki, District Lasbela,Balochistan

13. **Postal Ballot**
    Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, for the purpose of election of directors and agenda item subject to the requirements of Section 143 and 144 of the Companies Act 2017, members will be allowed to exercise their right of vote through e-voting, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid regulations.

    Further, pursuant to the directions issued by the SECP through its another Circular No. 25 of 2020 dated August 31, 2020 together read with an earlier Circular No. 05 of 2020 dated March 17, 2020, for the purpose of special business, members will be allowed to exercise their right of vote through e-voting. The requirements and procedure contained in the aforesaid regulations with respect to e-voting for election of directors shall also be applicable to the e-voting for the special business proposed within the agenda.

**STATEMENT UNDER SECTION 134 (3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

1) **Agenda Item No. 5 - Related Party Transactions**
During the financial year ended June 30, 2020, the Company carried out transactions with Group companies in the normal course of business. As per provision of Regulation No. 15 of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, the transactions carried out in normal course of business with Group companies (Related Parties) were required to be approved by the Board as per recommendation of the Audit Committee on quarterly basis. As the majority of Company's Directors were interested in these transactions due to their common directorship and holding of shares in the Group companies, the quorum of directors could not be formed for approval of these transactions, therefore, in the last Annual General Meeting, the share holders had authorized the Chief Executive of the Company to approve these transactions in the normal course of business subject to final approval/ratification by the shareholders. Therefore, these transactions have to be approved by the shareholders in the Annual General Meeting.

In view of the above, the transactions conducted during the financial year ended June 30, 2020 with Group companies are being placed before the shareholders for their approval / ratification.

The Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and shareholding in the Group companies.

The information of the Related party transactions as required under Regulation 5(1) of the Companies (Related Party Transactions and Maintenance of Related Records) Regulations, 2018 is as under:

| Name of Related Parties | Millat Tractors Limited | | Millat Equipment Limited | |
|---|---|---|---|---|
| Names of the interested or concerned persons or directors | Mr. Sikandar M. Khan<br>Mr. Latif Khalid Hashmi<br>Mr. Sohail Bashir Rana<br>Mr. Laeeq Uddin Ansari<br>Syed Muhammad Irfan Aqueel | | Mr. Sikandar M. Khan<br>Mr. Latif Khalid Hashmi<br>Mr. Sohail Bashir Rana<br>Mr. Laeeq Uddin Ansari<br>Syed Muhammad Irfan Aqueel | |
| Nature of relationship, interest or concern along with complete information of financial or other interest or concern of directors, managers or key managerial personnel in related party | Common directorship and the shareholding | | Common directorship and the shareholding | |
| **Detail, description, terms and conditions of transactions** | **Sale of goods against confirmed orders** | **Purchase of goods against confirmed orders** | **Sale of goods against confirmed orders** | **Purchase of goods against confirmed orders** |
| Amount of Transactions (Rs.) | 1,255,932,210 | 42,060 | 7,364,711 | 29,634 |
| Time frame or duration of the transactions | From 01-07-2019 to 30-06-2020 | From 01-07-2019 to 30-06-2020 | From 01-07-2019 to 30-06-2020 | From 01-07-2019 to 30-06-2020 |
| Pricing Policy | At Mutually Agreed price | At Mutually Agreed price | At Mutually Agreed price | At Mutually Agreed price |

2) **Agenda Item No. 6 - Authorization to CEO for Related Party Transactions**
The Company shall be carrying out transactions with Group companies in the normal course of business during the financial year ending June 30, 2021. As the majority of Directors will be interested in these transactions due to their common directorship and shareholding in the Group companies, the quorum of directors will not be formed for the required approval of these transactions. Therefore, in order to satisfy the aforesaid requirement of approval by the Board on quarterly basis and in the absence of formation of required quorum for the purpose, the transactions with Group companies will be presented in next AGM for the purpose of seeking the ratification/approval.

In order to ensure routine approval of these transactions throughout the year, the shareholders may authorize the Chief Executive to approve the transactions carried out and to be carried out in normal course of business with Group companies during the financial year ending June 30, 2021.

The Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and shareholding in the Group companies.

3) **Agenda Item No. 7 - Amendments in Articles of Association**

| Comparative Analysis | |
|---|---|
| **Existing Article** | **Proposed Amendments** |
| i) **Article 9.09**<br>The qualification of a Director shall be the holding of shares in the capital of the Company of the value of Rs.25,000/- relaxable in case of Director representing interest holding shares of requisite value. | i) **Article 9.09**<br>The qualification of an elected as well as appointed Director shall be the holding of shares in the Capital of the Company of not less than the face value of Rs.25,000/-, prior to the filing of intention to contest the election of directors or prior to the holding of the office as the circumstances warrant, provided that qualification of an elected independent director as defined in Companies Act, 2017 shall be holding at least one share in the Capital of the Company of the face value of Rs.10/-. However, in case of a Director representing a member which is not a natural person or representing a creditor or other special interests by virtue of contractual arrangements, the requirement of qualification shares shall not apply in line with the provisions contained in section 153(i) of the Companies Act, 2017. |
| ii) **Article 9.10**<br>A director who is required to hold a qualification may act before acquiring his qualification, but shall in any case acquire the same within two months from his appointment. | ii) **Deletion of Article 9.10** |

**Reasons for change**

i) Article 9.09 of the Articles of Association of the Company is proposed to be substituted to facilitate the election of independent directors by fixing the minimum qualification shares for them.

ii) Article 9.10 is proposed to be deleted in order to align the Articles in line with the provisions contained in section 153(i) of the Companies Act, 2017.

**Statement by the Board**

The aforesaid amendments have been approved by the Board of Directors in its meeting held on September 15, 2020 with the understanding that the same are in line with the applicable provisions of the law and regulatory framework.

The Directors are interested in the resolution to the extent of qualification shares which are required to be acquired/hold by them in compliance with the requirements of qualification shares as contained in the Articles of Association the alteration of which is proposed hereby.

The document highlighting the proposed amendments is available at Registered office of the Company for inspection during office hours excluding Saturdays and Sundays (being closed holidays) and Gazetted holidays.

4) **Selection of Independent Directors**
As per Section 166 (1) of the Companies Act, 2017 read with clause 6(1) and 7 of Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, the company has selected following two candidates (one male and one female) to be elected under section 159 of the Companies Act, 2017 in this AGM from the data bank maintained by the institute duly authorized by SECP.

The names of directors selected and justification for their selection as required under section 166(3) of the Companies Act, 2017 is as under:

1. Mr. Aamir Amin
2. Mrs. Tabassum Rana

**Mr. Aamir Amin** is serving as Independent Director and representing National Investment Trust Limited (NITL) on the Board of Directors of Bolan Castings since March 2020. He is a young, confident, dynamic, enthusiastic, educated and self motivated person to take entrepreneurial challenges easily. Mr. Amin is a Chartered Accountant by profession from Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) and also a Certified Information Systems Auditor (CISA).

Mr. Amin is CFO of National Investment Trust Limited (NITL) and also serving as Head of Corporate Governance & Corporate Affairs and member of Investment Committee. He is also representing NITL on the Board of Directors of Balochistan Wheels Limited, Mitchell's Fruit Farm Limited, Bata Pakistan Limited and Indus Dyeing and Manufacturing Company Limited.

**Mrs. Tabassum Rana** has over 34 years of extensive experience of working with State Bank of Pakistan. She did her Masters in Economics from Karachi University and MS in Economic Policy and Planning from Northeastern University, Boston, USA. She also attended several banking and management courses locally and abroad. In her career as Central Banker she has worked with core policy Departments such as Monetary policy, Engineering, Business Support and Facilitation, Development Finance and External Relations Departments. She started her career as Research Analyst and rose to leadership position of Joint Director.

54cmx8col.

# بولان کاسٹنگز لمیٹڈ

BCL

مرکزی آر سی ڈی ہائی وے، حب چوکی، ڈسٹرکٹ لسبیلہ، بلوچستان

فون: 0092-853-364036 فیکس: 0092-853-363292 ای میل: bclhub@bclpk.com ویب سائٹ: www.bolancastings.com


# سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بولان کاسٹنگز لمیٹڈ کا 38 واں سالانہ اجلاسِ عام بذریعہ وڈیولنک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، مرکزی آر سی ڈی شاہراہ، حب چوکی، ڈسٹرکٹ لسبیلہ، بلوچستان، پاکستان میں بروز بدھ 28 اکتوبر، 2020 دوپہر 12:00 بجے مندرجہ ذیل کارروائی پر عمل درآمد کے لئے منعقد ہوگا:

**A: عمومی کارروائی:**

1۔ 23 اکتوبر، 2019 کو منعقدہ 37 ویں سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ 30 جون، 2020 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری۔

3۔ 30 جون، 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔

4- سات ڈائریکٹرز کا تین سال کی میعاد کے لئے انتخاب، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مقرر کیا ہے۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز میں جناب سکندر مصطفیٰ خان، جناب لطیف خالد ہاشمی، جناب سہیل بشیر رانا، جناب لئیق الدین انصاری، جناب ایس ایم عرفان عقیل، جناب سید جاوید اشرف اور جناب عامر امین شامل ہیں۔

جیسا کہ بورڈ نے اپنے اجلاس منعقدہ 15 ستمبر 2020 میں قرار دیا ہے، منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات ہوگی جن میں سے ایک مرد آزاد ڈائریکٹر اور ایک خاتون آزاد ڈائریکٹر کے انتخاب کی تجویز ہے۔

**B: خصوصی کارروائی:**

5- 30 جون، 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے گروپ کمپنیوں کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز کی توثیق اور منظوری کے لئے مندرجہ ذیل قرارداد کی بطور خصوصی قرارداد منظوری:

قرار پایا کہ 30 جون، 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لئے گروپ کمپنیوں کے ساتھ کاروبار کے سلسلے میں ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز، جیسا کہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کے نوٹ 34 میں بیان کی گئی ہیں، کی بذریعہ ہذا توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔

6- 30 جون، 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لئے گروپ کمپنیوں کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی اور آئندہ ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز کی منظوری کیلئے چیف ایگزیکٹو کو قانونی اختیار دینے کے لیے مندرجہ ذیل قرارداد کی ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے بطور خصوصی قرارداد منظوری:

قرار پایا کہ 30 جون، 2021 کو ختم ہونے والے سال کے دوران گروپ کمپنیوں کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی اور آئندہ ہونے والی تمام ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے کمپنی کا چیف ایگزیکٹو قانونی اختیار رکھتا ہے۔

**مزید قرار پایا کہ کمپنی کا چیف ایگزیکٹو اس سلسلے میں کوئی بھی یا تمام اقدامات کرنے اور کوئی بھی اور تمام درکار دستاویزات پر دستخط کرنے کا قانونی طور پر مجاز ہوگا۔**

7- کمپنی کے دستور العمل میں تبدیلی کے لئے مندرجہ ذیل قراردادوں پر ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے بطور خصوصی قرارداد غور وخوض اور موزوں سمجھے جانے پر ان کی منظوری دینا:

**قرار پایا کہ کمپنی کے دستور العمل میں بذریعہ ہذا درج ذیل طریقے سے ترمیم کی جاتی ہے:**

i) **موجودہ آرٹیکل 9.09 کی جگہ درج ذیل نئے آرٹیکل کو شامل کرنا:**

''ڈائریکٹرز کے انتخاب کے ارادے کا نوٹس جمع کروانے یا ڈائریکٹرز کی ذمہ داریاں سنبھالنے، جو بھی صورت پیش آئے، سے قبل منتخب شدہ اور اس کے ساتھ ساتھ مقرر کردہ ڈائریکٹر کی اہلیت کمپنی کے سرمائے میں کم ازکم -/25,000 روپے ظاہری قیمت کے شیئرز کی ملکیت ہے، علاوہ منتخب کردہ آزاد ڈائریکٹر، جیسے کمپنیز ایکٹ، 2017 میں بیان کیا گیا ہے، کی اہلیت کمپنی کے سرمائے میں -/10 روپے ظاہری قیمت کے کم ازکم ایک شیئر کی ملکیت ہوگی۔ تاہم اگر ڈائریکٹر کسی ایسے ممبر کی نمائندگی کررہا ہو جو کوئی طبعی فرد نہ ہو یا کسی قرض دہندہ یا معاہداتی انتظامات کے باعث دیگر خصوصی مفادات کی نمائندگی کررہا ہو تو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (i)153 میں موجود شرائط کے مطابق اہلیتی شیئرز کے تقاضوں کا اطلاق نہیں ہوگا''۔

ii) آرٹیکل 9.10 کو حذف کیا جاتا ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو بذریعہ ہذا تمام قانونی، ادارتی اور ضابطہ کار کے تقاضوں کی تکمیل اور مندرجہ بالا قرارداد کے اطلاق کے مقصد کے لئے ضروری یا ضمنی تمام دستاویزات فائل کرنے کا مجاز قرار دیا جاتا ہے۔

**C: دیگر کارروائیاں:**

8- اجلاس کے سربراہ کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
عرفات مشیر
کمپنی سیکریٹری

حب
06 اکتوبر، 2020

**نوٹس:**

1۔ کمپنی کے شیئر ٹرانسفر کے کھاتے 15 اکتوبر، 2020 سے 28 اکتوبر 2020 تک بند رہیں گے (دونوں ایام شامل ہیں)۔ 14 اکتوبر، 2020 کو دفتری اوقات کے اختتام تک ہماری کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک S.M.C.H.S ،B، مین شاہراہ فیصل، کراچی -74400 میں وصول ہونے والے ٹرانسفر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے بروقت تصور ہوں گے۔

2۔ سالانہ اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا حقدار کوئی بھی ممبر کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کے لئے اپنی/ اپنا نمائندہ مقرر کرسکتا ہے۔ ووٹ ذاتی طور پر یا اپنے نمائندے کے ذریعے ڈالا جاسکتا ہے یا بصورت کمپنی/ کارپوریشن کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 138 کے تقاضوں کے مطابق کسی باقاعدہ تصدیق شدہ نمائندے کے ذریعے بھی ڈالا جاسکتا ہے۔

3۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 137 کے ضمنی سیکشن (6) میں فراہم کردہ طریقہ کار کے مطابق تیار کردہ نمائندوں کے باقاعدہ تقرر نامے اجلاس سے کم ازکم اڑتالیس (48) گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو موصول ہونے پر مؤثر ہوں گے۔

4۔ ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی سے طبعی شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ اور بک انٹری فارم کی شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فوری طور پر مطلع کریں۔

5- کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹر کی دفتری ذمہ داریوں کے لئے انتخاب لڑنے کا ارادہ رکھتا ہے، چاہے وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا اس کے برعکس ہو، اس کو اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے کم ازکم 14 دن قبل خود کو ڈائریکٹر کے انتخاب کے لئے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس درج ذیل دستاویزات کے ساتھ کمپنی کو جمع کروانا ہوگا:

i) فارم 28- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 167 میں بیان کردہ تقاضوں کے مطابق ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی۔

ii) انتخاب سے قبل بشمول دیگر مقاصد، کمپنی کی ویب سائٹ پر آویزاں کرنے کے مقصد کے لئے ایک تفصیلی پروفائل، جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نمبر SRO No.1196(I)/2019 مورخہ 3 اکتوبر، 2019 کے تحت درکار ہے۔

iii) ایک حلف نامہ جو درج ذیل کی تصدیق پر مشتمل ہو:

a) امیدوار (مرد/ خاتون) کمپنی کا/ کی ممبر ہے۔
(ملکیتی شیئرز کی تعداد مع فولیو نمبر یا سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی/ اکاؤنٹ نمبر بیان کیا جائے)

b) امیدوار (مرد/ خاتون) کسی بھی قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط کے تحت کمپنی کا/ کی ڈائریکٹر بننے کے لئے نااہل نہیں ہے۔

c) امیدوار (مرد/ خاتون) سات (07) سے زائد لسٹڈ کمپنیوں بشمول بولان کاسٹنگز لمیٹڈ میں بطور ڈائریکٹر فرائض انجام نہ دے رہا ہو/ رہی ہو، تاہم لسٹڈ ہولڈنگ کمپنی کی لسٹڈ ذیلی کمپنیوں کی ڈائریکٹر شپ اس سے مستثنیٰ ہے۔

d) امیدوار (مرد/ خاتون) کا نام قومی ٹیکس دہندگان کے رجسٹر میں درج ہو (نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) بیان کیا جائے)۔

e) امیدوار (مرد/ خاتون) کسی بینکنگ کمپنی، ترقیاتی مالیاتی ادارے یا نان بینکنگ مالیاتی ادارے کا/ کی قرض نادہندہ نہ ہو، اور اسٹاک ایکسچینج کا/ کی ممبر ہونے کی حیثیت سے اسے اس اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے نادہندہ قرار نہ دیا گیا ہو۔

f) امیدوار (مرد/ خاتون) اور اس کا/ اس کی شریکِ حیات اسٹاک بروکریج کے کاروبار میں شامل نہ ہو اور وہ کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا/ کی اسپانسر، ڈائریکٹر یا آفیسر نہ ہو۔

iv) آزاد ڈائریکٹر کی صورت میں ایک اضافی حلف نامہ جمع کروانا ہوگا جو اس بات کی تصدیق پر مشتمل ہو کہ امیدوار (مرد/ خاتون) آزاد ڈائریکٹر کے لئے کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 166 میں بیان کردہ اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہو/ اترتی ہو۔

6- CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، مورخہ 26 جنوری 2000 میں پیش کردہ ہدایت نامے کے تحت درج ذیل مزید ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی:

A- **اجلاس میں شرکت کے لئے:**

i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر، اجلاس میں شمولیت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق/ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے کرے گا۔

ii) کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس میں شمولیت کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ مع نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) پیش کرنا ہوگا۔

B- **نامزد نمائندوں کی تقرری:**

i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر مندرجہ بالا شرائط کے مطابق نامزدگی کا فارم (Proxy) جمع کروائیں گے۔

ii) نامزدگی کا فارم (Proxy Form) دو افراد کے گواہ ناموں، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبروں کے ساتھ جمع کروایا جائے گا۔

iii) نامزدگی کے فارم کے ساتھ اصل مالکان اور نامزد نمائندہ کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول جمع کروانی ہوں گی۔

iv) نامزد کردہ نمائندہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ دکھائے گا/ گی۔

v) کاروباری ادارے کی صورت میں ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا جاچکا ہو تو) نامزدگی کے فارم (Proxy) کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

اجلاس کے وڈیولنک کے ذریعہ انعقاد اور اس کے مطابق حاضریوں کے سلسلہ میں مندرجہ بالا ضروریات اور کارپوریٹ تقاضوں کا مناسب تبدیلیوں کے ساتھ اطلاق ہوگا۔

7- **سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت:**

COVID-19 کی عالمی وبا کے پیشِ نظر سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے 2020 کے ایک اور سرکلر نمبر 25 مورخہ 31 اگست، 2020 میں، جسے 2020 کے سرکلر نمبر 05 مورخہ 17 مارچ، 2020 کے ساتھ پڑھا جائے، کے ذریعہ لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ ایک جگہ پر بڑے مجمع سے گریز کریں اور وڈیولنک کی سہولت کی فراہمی کو زیرِ غور لائیں۔ لہٰذا کمپنی نے اپنے معزز شیئر ہولڈرز کی صحت کے بہترین مفاد میں اور ان کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لئے سالانہ اجلاسِ عام بذریعہ وڈیولنک منعقد کرنے کا انتظام کیا ہے۔ وڈیولنک کے ذریعہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے ممبران سے درخواست ہے کہ اپنی درج ذیل تفصیلات بذریعہ ای میل cdcsr@cdcsrsl.com پر ارسال کریں۔

| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کمپنی کا نام | ملکیتی شیئرز کی تعداد | نام | سی این آئی سی نمبر | موبائل فون | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | بولان کاسٹنگز لمیٹڈ | | | | | |

وڈیولنک لاگ اِن کی تفصیلات ان شیئر ہولڈرز کو فراہم کی جائیں گی جن کی تمام مطلوبہ کوائف پر مشتمل ای میلز 22 اکتوبر، 2020 کو دفتری اوقاتِ کار کے اختتام (شام 05:00 بجے) تک مندرجہ بالا ای میل ایڈریس پر موصول ہوجائیں گی۔ شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنی آراء/ تجاویز 22 اکتوبر، 2020 کو دفتری اوقاتِ کار کے اختتام (شام 05:00 بجے) تک مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر ارسال کرسکتے ہیں۔

8- **کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ جمع کروانے کا لازمی تقاضہ:**

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کی شق 6، جسے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے ساتھ پڑھا جائے، کے مطابق کمپنی نے ایسے شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی ہے جنہوں نے اب تک اپنا فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC) فراہم نہیں کیا ہے اور ان کو آئندہ بھی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ اگر آپ کا ڈیویڈنڈ اوپر بیان کردہ وجہ کے باعث روک لیا گیا ہے تو آپ سے درخواست ہے کہ فزیکل شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی واضح نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اور بک انٹری کی شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

9- **کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک طریقے سے ادائیگی:**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 242 کے مطابق کیش کی صورت میں واجب الادا ڈیویڈنڈ کی ادائیگی براہِ راست اہل شیئر ہولڈرز کے مقررہ بینک اکاؤنٹس میں کی جائے گی۔ مندرجہ بالا کے تناظر میں شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے (i)۔ بینک اکاؤنٹ کا نام (ii) بینک اکاؤنٹ نمبر (iii) آئی بی اے این (iv) بینک کا نام (v) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ (vi) موبائل نمبر اور (vii) لینڈ لائن نمبر، اگر کوئی ہے تو فزیکل شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں ہمارے شیئرز رجسٹرار کو اور بک انٹری کی شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔ اگر مندرجہ بالا تقاضوں کی تکمیل نہ کی گئی تو اس کے نتیجے میں متعلقہ ممبر کو مستقبل میں ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی جائے گی۔

10- **سالانہ مالی حسابات کی ترسیل بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر SRO 470(1)2016 مورخہ 31 مئی، 2016 میں کمپنی کو اپنے ممبران کو سالانہ بیلنس شیٹ، نفع نقصان کھاتے، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی ان کے رجسٹرڈ پتے پر ارسال کرنے کی اجازت دی ہے اور اس کے نتیجے میں کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاسِ عام میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی جانب سے بھی اس کی منظوری دی گئی ہے۔ مندرجہ بالا کی روشنی میں کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ 2020، جو مالی حسابات اور متعلقہ رپورٹس پر مشتمل ہے، شیئر ہولڈرز کو سی ڈی کی شکل میں ارسال کردی ہے۔ کوئی بھی شیئر ہولڈر سالانہ رپورٹ 2020 کتابی شکل میں حاصل کرنے کے لئے کمپنی کو درخواست دے سکتا ہے۔

مزید یہ کہ 30 جون، 2020 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے کمپنی کے سالانہ مالیاتی گوشوارے مع متعلقہ رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ www.bolancastings.com پر آویزاں کردیئے گئے ہیں۔

11- **سالانہ مالی حسابات کی ترسیل بذریعہ ای میل**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے SRO787(1)/2014 بتاریخ 08 ستمبر، 2014 میں کمپنیوں کو اپنے ممبران کو سالانہ اجلاس عام کی اطلاع کے ساتھ سالانہ بیلنس شیٹ، نفع اور نقصان اکاؤنٹس، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ بذریعہ ای میل بھیجنے کی اجازت دی ہے۔ ممبران جو اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے خواہشمند ہیں، کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود درخواست فارم کے ذریعے اپنی رضامندی دے سکتے ہیں۔

12- **وڈیو کانفرنس کی سہولت**

موجودہ تقاضوں کو نقصان پہنچائے بغیر اور اس کے نتیجے میں اوپر بیان کردہ ''نوٹ 7'' میں مذکور انتظامات، اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132 کے مطابق، جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 10، 2014 کے ساتھ پڑھا جائے، اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر شیئرز ہولڈرز میں سے 10 فیصد یا زائد کی جانب سے کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام سے کم ازکم 07 روز قبل وڈیو کانفرنس کے لئے رضامندی کے فارم موصول ہوجاتے ہیں تو ایسی صورت میں کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی، جس کا انحصار اس شہر میں سہولت کی دستیابی پر ہے۔

کمپنی ممبران کو اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم ازکم 05 دن پہلے وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام اور اس سہولت تک رسائی کے لئے درکار مکمل معلومات فراہم کرے گی۔ اگر آپ مندرجہ بالا کے مطابق وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی مندرجہ ذیل معلومات پُر کرکے سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے کم ازکم 07 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر ارسال کریں۔

میں/ ہم ________ کے ________، بطور ممبر بولان کاسٹنگز لمیٹڈ، رجسٹرڈ فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ________ کے مطابق ________

عمومی شیئر (ز) کا مالک ہوں/ ہیں اور بذریعہ ہذا بمقام ________ وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں/ ہیں۔

**کمپنی کا رجسٹرڈ دفتری پتہ:**

بولان کاسٹنگز لمیٹڈ:

مرکزی آر سی ڈی ہائی وے، حب چوکی، ڈسٹرکٹ لسبیلہ، بلوچستان۔

13- **پوسٹل بیلٹ (Postal Ballot)**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کی ضروریات کے مطابق ایجنڈا آئٹم کے لئے ممبران کو اپنا حقِ رائے دہی ای ووٹنگ کے ذریعے استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو مندرجہ بالا ریگولیشنز میں بیان کردہ ضروریات اور طریقہ کار کے مطابق ہوگا۔

مزید برآں، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 2020 کے سرکلر نمبر 25 مورخہ 31 اگست، 2020 میں، جسے 2020 کے سرکلر نمبر 05 مورخہ 17 مارچ، 2020 کے ساتھ پڑھا جائے، کے ذریعہ دی گئی ہدایات کے مطابق خصوصی کارروائی کے مقاصد کے لئے ممبران کو اپنا ووٹ کا حق بذریعہ ای۔ ووٹنگ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ اجلاس کے ایجنڈے میں تجویز کردہ خصوصی کارروائی پر ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے ای ووٹنگ سے متعلق مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل تقاضوں اور طریقہ کار کا اطلاق ہوگا۔

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان

1۔ **نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 5- متعلقہ فریقین سے لین دین**

30 جون، 2020 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کمپنی نے لین دین گروپ کمپنیوں کے ساتھ عمومی کاروباری سرگرمی کے مطابق کی۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2017 کی ریگولیشن نمبر 15 کے مطابق گروپ کمپنیوں (متعلقہ پارٹیوں) کے ساتھ عمومی کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی بورڈ کی جانب سے منظوری درکار تھی جو کہ آڈٹ کمیٹی سہ ماہی بنیاد پر تجویز کرتی ہے۔ چونکہ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی اکثریت ان ٹرانزیکشنز میں اپنے مشترکہ اختیارات اور گروپ کمپنیوں کے ساتھ شیئرز کی ملکیت کے باعث دلچسپی رکھتے تھے، لہٰذا ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے ڈائریکٹرز کا کورم پورا نہیں ہوسکا۔ چنانچہ گزشتہ سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز نے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو اختیار دیا کہ ان ٹرانزیکشنز کی منظوری عمومی کاروباری سرگرمی کے طور پر اجلاسِ عام میں دیں، تاہم یہ شیئر ہولڈرز کی منظوری/ توثیق سے مشروط ہوگا۔ لہٰذا اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے ان ٹرانزیکشنز کی منظوری دی جائے گی۔

مندرجہ بالا تناظر میں 30 جون، 2020 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران گروپ کمپنیوں کے ساتھ کی گئی ٹرانزیکشنز شیئر ہولڈرز کے سامنے ان پر غور وخوض اور منظوری/ توثیق کے لئے پیش کی جارہی ہیں۔

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اپنے مشترکہ اختیارات اور شریک کار کمپنیوں میں شیئرز کی ملکیت کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔

متعلقہ فریقین سے لین دین کی تفصیلات، جیسا کہ کمپنیز (متعلقہ فریقین سے لین دین اور متعلقہ ریکارڈز کی حفاظت) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن (1)5 کے تحت درکار ہیں، درج ذیل ہیں:

| متعلقہ فریقین کا نام | ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ | | ملت ایکوپمنٹ لمیٹڈ | |
|---|---|---|---|---|
| دلچسپی رکھنے والے یا متعلقہ افراد یا ڈائریکٹرز کے نام | جناب سکندر ایم خان<br>جناب لطیف خالد ہاشمی<br>جناب سہیل بشیر رعنا | جناب لئیق الدین انصاری<br>سید محمد عرفان عقیل | جناب سکندر ایم خان<br>جناب لطیف خالد ہاشمی<br>جناب سہیل بشیر رعنا | جناب لئیق الدین انصاری<br>سید محمد عرفان عقیل |
| تعلق، مفاد یا دلچسپی کی نوعیت مع متعلقہ فریق میں ڈائریکٹرز، منیجرز یا اہم انتظامی عہدوں پر فائز افراد کے مالی یا دیگر مفاد یا دلچسپی کی مکمل معلومات | مشترک ڈائریکٹر شپ اور شیئر ہولڈنگ | | مشترک ڈائریکٹر شپ اور شیئر ہولڈنگ | |
| لین دین کی تفصیل، تصریح، شرائط وضوابط | مصدقہ (Confirmed) آرڈرز پر اشیاء کی فروخت | مصدقہ (Confirmed) آرڈرز پر اشیاء کی خریداری | مصدقہ (Confirmed) آرڈرز پر اشیاء کی فروخت | مصدقہ (Confirmed) آرڈرز پر اشیاء کی خریداری |
| **لین دین کی رقم (روپے)** | 1,255,932,210 | 42,060 | 7,364,711 | 29,634 |
| **لین دین کا وقت یا دورانیہ** | 01-07-2019 سے<br>30-06-2020 تک | 01-07-2019 سے<br>30-06-2020 تک | 01-07-2019 سے<br>30-06-2020 تک | 01-07-2019 سے<br>30-06-2020 تک |
| قیمتوں کے تعین کی پالیسی | باہمی طور پر متفقہ قیمت پر | باہمی طور پر متفقہ قیمت پر | باہمی طور پر متفقہ قیمت پر | باہمی طور پر متفقہ قیمت پر |

2۔ **نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 6- متعلقہ فریقین سے لین دین کے لئے سی ای او کا اختیار**

30 جون، 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال میں کمپنی گروپ کمپنیوں کے ساتھ عمومی کاروبار کرے گی۔ چونکہ کمپنی ڈائریکٹرز کی اکثریت ان ٹرانزیکشنز میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹر شپ اور گروپ کمپنیوں میں شیئرز کی ملکیت کے باعث دلچسپی رکھتی ہے، لہٰذا ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے ڈائریکٹرز کا کورم پورا نہیں ہوسکا۔ لہٰذا سہ ماہی بنیاد پر بورڈ کی جانب سے ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے مندرجہ بالا تقاضے کی تکمیل اور اس مقصد کے لئے مطلوبہ کورم پورا نہ ہونے کے باعث گروپ کمپنیوں کے ساتھ ٹرانزیکشنز اگلے سالانہ اجلاسِ عام میں توثیق/ منظوری کے مقصد کے لئے پیش کی جائیں گی۔

30 جون، 2021 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کی یقین دہانی کیلئے شیئر ہولڈرز چیف ایگزیکٹو کو اختیار دے سکتے ہیں کہ وہ گروپ کمپنیوں کے ساتھ کی گئی ٹرانزیکشنز اور مستقبل میں کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی منظوری دے۔

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اپنے مشترکہ اختیارات اور گروپ کمپنیوں میں شیئرز کی ملکیت کی وجہ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔

3- نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 7- کمپنی کے دستور میں ترامیم

| تقابلی جائزہ | |
|---|---|
| **موجودہ آرٹیکل** | **مجوزہ ترامیم** |
| i) آرٹیکل 9.09<br>ڈائریکٹرز کی اہلیت کمپنی کے سرمائے میں -/25,000 روپے قیمت کے شیئرز کی ملکیت ہوگی، جو اگر ڈائریکٹر مطلوبہ قیمت کے مفاداتی شیئرز کی ملکیت رکھنے والے کی نمائندگی کررہا ہو تو قابلِ رعایت ہے۔ | i) آرٹیکل 9.09<br>ڈائریکٹرز کے انتخاب کے ارادے کا نوٹس جمع کروانے یا ڈائریکٹرز کی ذمہ داریاں سنبھالنے، جو بھی صورت پیش آئے، سے قبل منتخب شدہ اور اس کے ساتھ ساتھ مقرر کردہ ڈائریکٹر کی اہلیت کمپنی کے سرمائے میں کم ازکم -/25,000 روپے ظاہری قیمت کے شیئرز کی ملکیت ہے، علاوہ منتخب کردہ آزاد ڈائریکٹر، جیسے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 میں بیان کیا گیا ہے، کی اہلیت کمپنی کے سرمائے میں -/10 روپے ظاہری قیمت کے کم ازکم ایک شیئر کی ملکیت ہوگی۔ تاہم اگر ڈائریکٹر کسی ایسے ممبر کی نمائندگی کررہا ہو جو کوئی طبعی فرد نہ ہو یا کسی قرض دہندہ یا معاہداتی انتظامات کے باعث دیگر خصوصی مفادات کی نمائندگی کررہا ہو تو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (i)153 میں موجود شرائط کے مطابق اہلیتی شیئرز کے تقاضوں کا اطلاق نہیں ہوگا۔ |
| ii) آرٹیکل 9.10<br>ڈائریکٹر جس کے لئے اہلیت حاصل کرنا مطلوب ہو، اہلیت حاصل کئے بغیر ڈائریکٹر کے طور پر کام کرسکتا ہے، تاہم اسے اپنی تقرری کے دو ماہ کے اندر اندر ہر صورت میں مطلوبہ اہلیت حاصل کرنا ہوگی | ii) آرٹیکل 9.10 کا اخراج |

**تبدیلی کی وجوہات:**

i) کمپنی کے دستور کے آرٹیکل 9.09 میں تبدیلی تجویز کی گئی ہے تاکہ آزاد ڈائریکٹرز کے لئے کم ازکم اہلیتی شیئرز مقرر کرکے ان کے انتخاب کو آسان بنایا جائے۔

ii) آرٹیکل 9.10 کو حذف کرنے کی تجویز دی گئی ہے تاکہ آرٹیکلز کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (i)153 میں شامل قابلِ اطلاق شرائط کے مطابق بنایا جائے۔

**بورڈ کی جانب سے بیان**

مذکورہ بالا ترامیم کو بورڈ نے اپنے اجلاس منعقدہ 15 ستمبر، 2020 میں اس افہام وتفہیم کے ساتھ منظور کیا ہے کہ یہ قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک کی قابلِ اطلاق شرائط کے مطابق ہے۔

ڈائریکٹرز کی اس قرارداد میں دلچسپی اہلیتی شیئرز کی حد تک ہے جو ان کو کمپنی کے دستور میں شامل اہلیتی شیئرز کے تقاضوں کے مطابق رکھنا / حاصل کرنا مطلوب ہیں، اور جن میں بذریعہ ہذا ترمیم کی تجویز دی گئی ہے۔

مجوزہ ترمیم پر مشتمل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں دفتری اوقاتِ کار، ماسوائے ہفتہ اور اتوار (ہفتہ وار تعطیل کی وجہ سے) اور سرکاری تعطیلات، معائنہ کے لئے دستیاب ہیں۔

4- **انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)166 کے مطابق، جسے لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شق (1)6 اور 7 کے ساتھ پڑھا جائے، کمپنی نے سالانہ اجلاسِ عام میں ذیل میں بیان کردہ دو امیدواروں (ایک مرد اور ایک خاتون) کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 159 کے تحت انتخاب کے لئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے باقاعدہ تصدیق شدہ ادارے کے ڈیٹا بینک سے منتخب کیا ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت منتخب ڈائریکٹرز کے نام اور ان کے انتخاب کا جواز ذیل میں بیان کیا جارہا ہے:

1- جناب عامر امین

2- محترمہ تبسم رانا

**جناب عامر امین** مارچ 2020 سے بطور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر فرائض انجام دے رہے ہیں اور بولان کاسٹنگز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں نیشنل انویسٹمنٹ ٹرسٹ لمیٹڈ (NITL) کی نمائندگی کررہے ہیں۔ وہ ایک نوجوان، پُر اعتماد، متحرک، پُر جوش، تعلیم یافتہ اور سرگرم شخصیت ہیں اور کاروباری چیلنجز سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ پیشے کے اعتبار سے جناب عامر امین انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) سے سند یافتہ ایک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں اور اس کے ساتھ سرٹیفائیڈ انفارمیشن سسٹمز آڈیٹر (CISA) بھی ہیں۔

جناب امین نیشنل انویسٹمنٹ ٹرسٹ لمیٹڈ (NITL) کے چیف فنانشل آفیسر ہیں اور ہیڈ آف کارپوریٹ گورننس اور کارپوریٹ افیئرز اور انوسٹمنٹ کمیٹی کے ممبر کے طور پر بھی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ بلوچستان وہیلز لمیٹڈ، مچلز فروٹ فارم لمیٹڈ، باٹا پاکستان لمیٹڈ اور انڈس ڈائنگ اور مینوفیکچرنگ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں NITL کی نمائندگی بھی کرتے ہیں۔

**محترمہ تبسم رانا** اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ کام کے 34 سال سے زیادہ کے وسیع تجربہ کی حامل ہیں۔ آپ نے جامعہ کراچی سے اکنامکس میں ماسٹرز اور نارتھ ایسٹرن یونیورسٹی، بوسٹن، امریکہ سے اکنامک پالیسی اینڈ پلاننگ میں ایم ایس کیا ہے۔ آپ نے مقامی اور بین الاقوامی سطح پر متعدد بینکنگ اور مینجمنٹ کورسز بھی کئے ہیں۔ آپ نے اپنے کیریئر کے دوران بطور مرکزی بینکار کے مرکزی پالیسی ڈپارٹمنٹس جیسے کہ مانیٹری پالیسی، انجینئرنگ، بزنس سپورٹ اور فیسیلیٹیشن، ڈویلپمنٹ فنانس اور ایکسٹرنل ریلیشنز ڈپارٹمنٹ میں بھی کام کیا ہے۔ آپ نے اپنے کیریئر کا آغاز ریسرچ اینالسٹ کے طور پر کیا اور ترقی کرکے جوائنٹ ڈائریکٹر کے عہدے تک پہنچیں۔